PRESS RELEASE

# الیکشن کمیشن آف پاکستان

## پریس ریلیز

مورخہ:21اکتوبر2025ء

الیکشن کمیشن کا آج اہم اجلاس پنجاب میں لوکل گورنمنٹ انتخابات کے انعقاد کے سلسلے میں ہوا۔ جس کی صدارت جناب سکندر سلطان راجہ چیف الیکشن کمشنر نے کی۔ اجلاس میں معزز ممبران الیکشن کمیشن کے علاوہ سیکرٹری الیکشن کمیشن، سپیشل سیکرٹری، سپیشل سیکرٹری لاء اور دیگر سینیئر آفیسران نے شرکت کی۔

اجلاس میں سیکرٹری الیکشن کمیشن نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا کہ پنجاب اسمبلی نے پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2025 پاس کر دیا ہے۔ جس کی منظوری گورنر پنجاب نے دے دی ہے۔ مذکورہ بالا ایکٹ کے اجراء کے ساتھ ہی پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2022 منسوخ کر دیا گیا ہے۔ لہذا الیکشن کمیشن نے پنجاب لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2022 کے تحت جو حلقہ بندی کمیٹیوں، اتھارٹیوں اور حلقہ بندی کے شیڈول کا نوٹیفکیشن کیا تھا اُسے واپس لینا چاہیے۔ مزید سیکرٹری الیکشن کمیشن نے کمیشن کو بتایا کہ صوبائی حکومت نے الیکشن کمیشن کو مراسلہ تحریر کیا ہے۔ جس میں اُنہوں نے کہا ہے لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2025 منظور ہو گیا ہے۔ جس میں لوکل گورنمنٹس کا سٹرکچر وغیرہ تبدیل کر دیا گیا ہے۔ لہذا صوبائی حکومت کو تین سے چار ہفتے دیئے جائیں تاکہ وہ حلقہ بندی اور ڈیمارکیشن رولز کی تکمیل کو یقینی بنائے۔

سپیشل سیکرٹری لاء نے الیکشن کمیشن کو بریف کیا کہ لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2025 کے پاس ہونے کے بعد سابقہ قانون کے مطابق حلقہ بندی کرنا اور الیکشن کیلئے اقدامات اُٹھانا الیکشنز ایکٹ 2017 کی سیکشن 219 کی خلاف ورزی ہو گی۔ جس میں واضح طور پر لکھا گیا ہے کہ الیکشن کمیشن مروجہ لوکل گورنمنٹ قوانین کے تحت انتخابات کروائے گا۔ الیکشن کمیشن نے آئین و قانون اور حقائق کو مدنظر رکھتے ہوئے یہ فیصلہ کیا کہ؛

- الیکشن کمیشن لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2025 کے تحت پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کروائے گا۔
- لوکل گورنمنٹ ایکٹ 2022 کے تحت دیا گیا حلقہ بندی کا شیڈول واپس لینے کا فیصلہ کیا گیا۔
- پنجاب گورنمنٹ کو حلقہ بندی اور ڈیمارکیشن رولز کی تکمیل کیلئے 4 ہفتے دینے کا فیصلہ کیا۔ جس میں مزید اضافہ نہ کیا جائے گا۔

آفس کو حکم دیا گیا کہ صوبائی حکومت کو تحریر کریں کہ وہ مذکورہ بالا کام 4 ہفتے کے اندر مکمل کرے۔ بصورت دیگر لوکل گورنمنٹ الیکشن کے مسئلے کو ریگولر سماعت کیلئے مقرر کر کے کمیشن مناسب فیصلہ کرے گا۔

ترجمان الیکشن کمیشن

*Office Telephone:* (+92)(51) (9205611)
*Fax:* (+92)(51) (9205300)
*Address:*
Election Commission Of Pakistan Secretariat, Election House,
Constitution Avenue, G-5/2, Islamabad

*Free, Fair, Transparent & Inclusive Elections*
**MEDIA COORDINATION & OUTREACH WING**